## سوال

کام کرتے وقت بسم اللہ بھول جانا

## جواب

سوال : السلام علیکم کھانے پینے کے علاوہ اگر دوسرے کام کرتے وقت "بسم اللہ" پڑھنا بھول جائیں تو کیا کریں؟ مثلاً۔ کپڑے پہننا، استری کرنا، نہانا، کپڑے دھونا اور دیگر روزمرہ کے کام کاج وغیرہ۔

جواب : جب یاد آئے تو اس وقت بِسمِ اللَّهِ فِي أَوَّلِهِ وَآخِرِه پڑھ لے سوائے غسل کے کہ اس میں غسل سے فارغ ہو کر پڑھے۔ ایک روایت کے الفاظ ہیں :

عائشہ رضی اللہ عنہا ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال : ( إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ طَعَامًا فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللَّهِ, فَإِنْ نَسِيَ فِي أَوَّلِهِ فَلْيَقُلْ : بِسْمِ اللَّهِ فِي أَوَّلِهِ وَآخِرِهِ ) رواه الترمذي وصححه الشيخ الألباني رحمه الله. (1781)